رسک ڈسکلوژر

ٹریڈومارٹ ایس وی لمیٹڈ

اگست 2018

ملکیتی پابندی

یہ کنٹرول شدہ دستاویز ٹریڈومارٹ ایس وی لمیٹڈ کی ملکیت ہے۔ کوئی تشہیر، دوبارہ اشاعت یا

غیر متعلقہ فریقوں میں ترسیل

ٹریڈومارٹ ایس وی لمیٹڈ کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر ممنوع ہے۔

**قانونی معلومات**

فاریکس مارٹ ٹریڈ و مارٹ ایس وی لمیٹڈ کا تجارتی نام ہے، کمپنی سینٹ ونسینٹ اور گریناڈائنز کے قوانین کے تحت کام کرتی ہے جس کا رجسٹریشن نمبر 23071 آئی بی سی 2015 ہے اور اس کا مرکزی دفتر شیمروک لاج، مرے روڈ، کنگسٹن سینٹ وینسینٹ اینڈ گریناڈائنز میں ہے اور ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے ذریعے اپنے صارفین کو سرمایہ کاری اور اس سے منسلک خدمات فراہم کرتی ہے - مزید معلومات کے لئے ویب سائٹ دیکھیں

www.forexmart.com

اطلاع کا دائرہ کار

رسک ڈسکلوزر فنانشل انسٹرومنٹس میں لین دین کرتے وقت موجود عمومی رسک کو منصفانہ اور غیر گمراہ کن بنیادوں پر بیان کرتا ہے اور صارف اور کمپنی کے درمیان معاہدے کا لازمی حصہ بناتا ہے

خطرے کی تنبیہ

صارف کو اپنی سکت سے ذیادہ خطرہ مول نہیں لینا چاهیے۔ تجارت کا فیصلہ کرنے سے پہلے صارف کو اس بات کو یقینی بنانا چاهیے کہ وہ اس میں شامل خطرات کو سمجھتا ہے اور اس میں خاطر خواہ تجربہ رکھتا ہے۔ صارف جب ضروری سمجھے تک ایک غیر جانبدار مشورہ یا مشاورت حاصل کر سکتا ہے

صارف تسلیم کرتا ہے کہ فنانشل انسٹرومنٹس کی تجارت میں نقصان اٹھانے کا بہت بڑا خطرہ ہے اور قبول کرتا ہے کہ وہ یہ خطرہ مول لینے کو تیار ہے

کمپنی صارف کو کہ فنانشل انسٹرومنٹس کی تجارت کے سلسلے میں سرمایہ کاری کا کوئی مشورہ فراہم نہیں کرے گی

اعتراف

تجارتی پلیٹ فارم

صارف قبول کرتا ہے کہ ہمارے لائیو سرور پر پیش کی جانی والی قیمت کی حساس معلومات مستند ترین ہی فراہم کی جاتی ہیں اور یہ کہ اس سروس کو ہماری اپنی کسی غلطی کے نہ ہونے کے باوجود رُک سکتی ہے ہے جس کے نتیجے میں اس طرح کا قیمت کا حساس ڈیٹا صارف کو دستیاب نہیں ہوتا

صارف باقاعدگی سے ٹریڈنگ پلیٹ فارم (فارمز) کے "مدد" مینو یا "صارف گائیڈ" کا مطالعہ کرے گا. کسی تنازعہ کی صورت میں فیصلہ اس معاہدہ کے تحت ہوگا جب تک کہ کمپنی اپنی صوابدید پر اس کا فیصلہ نہ کرے؛

صارف تسلیم کرتا ہے کہ اگر کوئی غیر مجاز فریقِ ثالث انٹرنیٹ، ٹیلی فون یا دیگر الیکٹرانک ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے ایسی معلومات تک رسائی حاصل کرلیتا ہے تو کمپنی اس ذمہ داری نہیں ہے۔

نا گہانی حادثہ

کسی بھی ناگہانی حادثہ کی صورت میں صرف مالی نقصانات کی ذمہ داری قبول کرتا ہے

تکنیکی خطرہ

کمپنی کسی بھی نقصان کی کوئی ذمہ داری نہیں اٹھاتی جو سسٹم کی ناکامی کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے بشمول لیکن محدود نہیں کے ٹرمینل کا تاخیر سے اپ ڈیٹ ہونا ، ناقص انٹرنیٹ کنکشن (یا تو صارف کی طرف سے یا کمپنی کی طرف سے یا دونوں) ہارڈ ویئر یا سافٹ ویئر کی ناکامی، خرابی یا غلط استعمال (یا تو صارف کی طرف سے یا کمپنی کی طرف سے یا دونوں) صارف کے ٹرمینل پر غلط سیٹنگیں؛ یا صارف ٹرمینل اور کمپنی کی ویب سائٹ میں بیان کردہ قواعد و ضوابط کو صارف کی جانب سے نظر انداز کیا جانا

صارف تسلیم کرتا ہے اور قبول کرتا ہے کہ ضرورت سے زیادہ لین دین کے دباؤ کے وقت، فون کے ذریعے کمپنی سے رابطہ کرنے میں تاخیر ہوسکتی ہے خاص طور پر جب مارکیٹ کے اہم خبریں جاری ہوں اور ہدایات اور درخواستوں پر عمل درآمد کا دورانیہ بڑھایا جاسکتا ہے

اطلاع رسانی / ابلاغ

کمپنی کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے اور صارف کسی بھی نقصان کے خطرے کو قبول کرے گا جو کمپنی کی طرف سے بھیجے گئے پیغام کی تاخیر سے ملنے کے نتیجے میں ہو یا جو صارف کو موصول نہیں ہوسکے۔

صارف کمپنی کی جانب سے موصول ہونے والی اطلاعات کے اندر شامل کسی بھی معلومات کی رازداری کی کُلی ذمہ داری قبول کرتا ہے

کمپنی کی طرف سے صارف کو بھیجی گئی غیر خفیہ معلومات کے نتیجے ہونے والے کسی نقصان کی کوئی ذمہ داری نہیں اٹھاتی کہ جس تک غیر قانونی ذریعہ سے رسائی حاصل کی گئی ہو

صارف قبول کرتا ہے کہ صارف کے تجارتی اکاؤنٹ تک کسی تیسرے فریق کی غیر مجاز رسائی کی وجہ سے ہونے والا کوئی بھی نقصان کمپنی کی ذمہ داری نہیں ہے

کلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم (فارمز) کے ذریعے صارف کو بھیجے گئے تمام پیغامات کے لئے مکمل طور پر ذمہ دار ہے جوپڑھے نہ گئے ہوں یا موصول نہ ہوئے ہوں۔ اس طرح کے پیغامات پانچ (5) کیلنڈر دنوں کے اندر خود بخود حذف کر دیئے جاتے ہیں

کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ صارف کو منظور شدہ مواصلاتی چینلز کے ذریعے باخبر رکھا جائے۔ کمپنی کو ان پیغامات کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا جو صارف کو ای میل سسٹم کی ناکامی کی وجہ سے حاصل نہ کرسکے ، کھول نہ سکے یا سمجھ نہ سکے یا پیغام رسانی میں بد عنوانی پائی جائے

فریق ثالث کے تناظر میں خطرہ

کمپنی  صارف سے موصول ہونے والی رقم  کسی تیسرے فریق (جیسے او ٹی سی کاونٹر پارٹی، کلیئرنگ ہاؤس، بینک، انٹرمیڈیٹ بروکر) کو منتقل کر سکتی ہے تاکہ صارف کے ساتھ لین دین کو آسان کیا جا سکے۔ کمپنی پر ایسے کسی تیسرے فریق کے دیوالیہ پن، لین دین یا غلطیوں کی کوئی ذمہ داری نہیں لیتی ہے

کمپنی صارف کی رقم کسی ڈپازٹری کے ساتھ جمع کرا سکتی ہے جس کا اس رقم کے سلسلے میں سیکورٹی کا لین دین، لیئن یا سیٹ آف کا حق ہو سکتا ہے

ایک تیسرا فریق کہ جس کے ذریعے کمپنی کا تعلق ہے اس کے مفادات صارف کے مفادات کے برعکس ہو سکتے ہیں

اس صورت میں جہاں صارف جمع شدہ رقم کی کرنسی سے مختلف کرنسی میں تجارتی اکاؤنٹ کے لئے درخواست دیتا ہے کمپنی اس طرح کی کرنسی تبدیلی کے لئے ڈپازٹری کی کرنسی تبدیلی کی سہولت استعمال کر سکتی ہے

کمپنی صارف کی رقم کو دستیاب تجارتی کرنسی میں تبدیل کرنے کے لئے ڈپازٹری کی کرنسی تبدیلی کی سہولت استعمال کر سکتی ہے، جسے کمپنی کی سہولیات کی مدد حاصل ہے

فاریکس اور ڈیریویٹوز رسک کی تنبیہ کا نوٹس

یہ نوٹس فنانشل انسٹرومنٹس جیساء کہ زرمبادلہ اور ڈیریویٹوز مصنوعات جیساء کہ فیوچرز، آپشنز اور کنٹریکٹ آف ڈیفرنس میں شامل تمام خطرات کو ظاہر نہیں کر سکتا اور نہ ہی کرے گا۔ صارفینن کو اطمنان کر لینا چاہئے کہ مصنوعات ان کے ذاتی حالات اور مالی حالات کے حوالے سے موزوں ہے۔ صارفین کو ایسی مصنوعات میں اس وقت تک ڈیل نہیں کرنا چاہئے جب تک کہ وہ ان کی فطرت اور خطرے کو بہترین ممکنہ حد تک نہ سمجھ لیں۔ صارفین کو ڈیریویٹوز مصنوعات میں کسی بھی لین دین میں مشغول نہیں ہونا چاہئے جب تک کہ وہ ان میں شامل خطرات  جان اور سمجھ نہیں لیتے اور یہ کہ وہ سرمایہ کاری کی گئی تمام رقم  کا مکمل نقصان بھی کر سکتے ہیں۔ یہ بات قابل توجہ ہے کہ مالیاتی آلات کی کوئی بظاہر ترسیل نہیں ہوگی۔ کوئی بھی تجارتی فیصلہ مندرجہ ذیل کو مدنظر رکھتے ہوئے باخبر رہتے ہوئے کیا جانا چاہئے

ذیادہ اُتار چڑھاؤ والے انسٹرومنٹس

صارف اس کا ادراک رکھتا ہے کہ نفع کے ساتھ ساتھ نقصانات کا بھی بہت زیادہ خطرہ ہے، کیونکہ کچھ انسٹرومنٹس قیمتوں کی غیر مستحکم نقل و حرکت کے ساتھ بڑی یومیہ حد کے اندر تجارت کرتے ہیں۔ انسٹرومنٹس کی قیمتوں میں تیزی سے اور بڑی حد کے اندر اتار چڑھاؤ ہوسکتا ہے اور غیر متوقع واقعات یا حالات میں تبدیلیوں واقع ہوسکتی ہے جو کمپنی یا صارف کے قابو سے باہر ہیں۔ مارکیٹ کے حالات کسی صارف کے آڈرز کی متعین کی گئی قیمت پر انجام دہی نا ممکن ہوسکتی ہے جس سے نقصان ہو سکتا ہے۔

انسٹرومنٹس کی قیمتیں دیگر چیزوں کے علاوہ سیاسی، حکومتی، زرعی، تجارتی، مالیاتی اور تجارتی پروگراموں اور پالیسیوں اور قومی اور بین الاقوامی سماجی اقتصادی واقعات اور متعلقہ مارکیٹ میں موجود نفسیاتی صورتحال سے متاثر ہوتی ہیں۔ لہذا اسٹاپ لاس کی ہدایت/آرڈرز صارف کے نقصان کی حد کی ضمانت نہیں دے سکتے ہیں ۔

صارف ادراک رکھتا ہے کہ ایک بڑے نقصان  اس کی سرمایہ کاری کے جزوی یا مکمل خاتمہ کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کی وجہ مارجننگ سسٹم ہے جو اس طرح کی ٹریڈز پر لاگو ہوتا ہے جہاں مارکیٹ کی نامساعد تحریک تیزی سے صارف کی مجموعی جمع کروائی گئی رقم کے نقصان کا باعث بن سکتی ہے، لیکن اس سے ایک بڑا اضافی نقصان بھی ہوسکتا ہے

لیوریج

روایتی تجارت کے برعکس مارجن ٹریڈنگ صارف کو کل تجارتی قدر کا صرف ایک چھوٹا سا حصہ ادا کرکے مارکیٹ میں تجارت کرنے کے قابل بناتی ہے۔ لیوریج کا مطلب یہ ہے کہ مارکیٹ کی نسبتا چھوٹی تجارت صارف کی پوزیشن کی قدر کے تناسب سے بہت بڑی تجارت کا باعث بن سکتی ہے

کمپنی صارفین کی پوزیشنوں پر لاگو لیوریج کی نگرانی کرے گی اور صارف کے تجارتی حجم کے لحاظ سے لیوریج کو کم کرنے کا حق محفوظ رکھے گی۔

کنٹریکٹس آف ڈیفرنس- سی ایف ڈی

اے سی ایف ڈی ایک معاہدہ کو خریدنے یا فروخت کرنے کا نام ہے جو دیگر کے ساتھ ساتھ زرمبادلہ، قیمتی دھاتوں ،فیوچرز اور حصص سمیت ایک بنیادی انسٹرومنٹس کی کارکردگی کی عکاسی کرتا ہے۔ سی ایف ڈی ایک ناقابل ترسیل سپاٹ لین دین ہے جہاں منافع یا نقصان کا تعین قیمت خرید اور قیمت فروخت کے درمیان فرق سے کیا جاتا ہے اور اس کے برعکس کی صورتحال

سی ایف ڈی میں سرمایہ کاری کرنے میں وہی خطرات شامل ہوتے ہیں جو فیوچرز یا آپشن میں میں سرمایہ کاری میں ہوتے ہیں ۔ جیسا کہ ذیل میں وضاحت کی گئی ہے ایک اتفاقی ذمہ داری بھی پیدا ہوسکتی ہے۔

فیوچرز

فیوچرز میں لین دین میں مستقبل کی تاریخ میں معاہدے کے طے کئے گئے اثاثے کی فراہمی یا بعض صورتوں میں نقد رقم کے ساتھ پوزیشن طے کرنے کی ذمہ داری شامل ہوتی ہے۔ وہ بہت زیادہ پُر خطرہو سکتے ہیں کیونکہ یہ کاروبار لیوریج یا مخصوص کے تحت کیا جاتا ہے جیسا کہ اوپر وضاحت کی گئی ہے

جیسا کہ ذیل میں وضاحت کی گئی ہے ایک اتفاقی ذمہ داری بھی پیدا ہوسکتی ہے۔

آپشنز

موجود مختلف اقسام کی آپشنز موجود ہیں جن میں سے ہر ایک کی خصوصیات مختلف ہیں۔ مندرجہ ذیل شرائط لاگو ہیں

آپشن کی خرید. اس میں آپشنز فروخت کرنے سے کم خطرہ شامل ہے کیونکہ آپشن رکھنے والا آپشن کو ختم ہونے کی اجازت دے سکتا ہے اگر ایسٹ کی قیمت ہولڈر کے خلاف چلی جائے۔ زیادہ سے زیادہ نقصان پریمیم اور کسی بھی کمیشن یا دیگر لین دین کی لاگت تک محدود ہے۔ فیوچر کنٹریکٹ پر کال آپشن کا خریدار جو آپشن استعمال کرتا ہے فیوچر حاصل کرے گا اور خطرات سے مول لے گا

آپشن لکھنا. آپشن کا مصنف اثاثے کی خریداری یا فروخت کی قانونی ذمہ داری قبول کرتا ہے کہ اگر مارکیٹ کی قیمت اور لین دین کی قیمت کے درمیان فرق سے قطع نظر آپشن اس کے خلاف آپشن جاتی ہے۔ خطرہ آپشن کی خرید کے مقابلہ میں کافی زیادہ ہے، خاص طور پر جب رائٹرز اثاثے کا مالک نہیں ہے تو اُس کو لامحدود خطرے کا سامنا ہو سکتا ہے۔

اوور دی کاؤنٹر ('او ٹی سی') لین دین

جب سی ایف ڈی، فاریکس اور قیمتی دھاتوں کی تجارت کی جاتی ہے تو کلائنٹ موثر طریقے سے او ٹی سی ٹرانزیکشن میں داخل ہوتا ہے؛ جہاں فریقین ایک ریگولیٹیڈ ایکسینج مارکیٹ میں جانے کہ بجائے براہ راست ایک دوسرے سے لین دین کرتے ہیں

او ٹی سی لین دین میں ایک ریگولیٹیڈ ایکسینج مارکیٹ میں ہونے والے لین دین کے مقابلے میں زیادہ خطرہ ہوسکتا ہے۔ مرکزی کاونٹر پارٹی کی عدم موجودگی کی وجہ سے فریقین کو کچھ کریڈٹ رسک، ڈیفالٹ کا خطرہ ہوتا ہے یا ایسے حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جہاں تجارتی سودوں کو ختم کرنا یا کسی عہدے کی قدر کا اندازہ لگانا ناممکن ہو۔

تجارت کا معطل ہونا

جب تجارتی حالات ایسے ہوں کہ کسی پوزیشن کو ختم کرنا مشکل یا ناممکن ہو، جیسے کہ جب متعلقہ ایکسچینج ٹریڈنگ معطل یا محدود ہو، اسٹاپ لاس ضروری نہیں کہ کسی کے نقصانات کو مطلوبہ رقم تک محدود کر دے، کیونکہ مقررہ قیمت پر اسٹاپ لاس آرڈر پر عمل درآمد ناممکن ہوسکتا ہے۔ مزید برآں اسٹاپ لاس آرڈر کا نفاذ اس کی مقررہ قیمت سے بھی بدتر ہوسکتا ہے اور اصل نقصانات توقع سے زیادہ ہو سکتے ہیں۔

مارجن اکاؤنٹ اور شرائط

مارجنڈ ٹرانزیکشنز کے تحت صارف بجائے اس کے کہ وہ پوری خریداری کی قیمت فوری طور پر ادا کرے اُس کو خریداری کی قیمت کے مقابلے میں ادائیگیوں کا ایک سلسلہ بنانا ہوتا ہے۔ مارجن کی ضرورت کی سطح کا انحصار انسٹرومنٹس کے بنیادی اثاثے پر ہوگا اور اسے بنیادی انسٹرومنٹ کی موجودہ قیمت سے طے کیا جاسکتا یا حساب کیا جاسکتا ہے۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر مخصوص انسٹرومنٹس کے لئے درکار مارجن کی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں

صارف کو اس بات کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ جاری پوزیشن برقرار رکھنے کے لئے اس کے تجارتی اکاؤنٹ پر ہر وقت وافر مارجن موجود ہو۔ رقم کی عدم دستیابی کی وجہ سے کمپنی کی جانب سے بند کیے جانے والی تجارتوں سے بچنے کے لئے کسی بھی جاری پوزیشن کی نگرانی کرنا صارف کی ذمہ داری ہے۔ کمپنی ایسی کسی بھی صورت میں صارف کو مطلع کرنے کی پابند نہیں ہے؛

کمپنی صارفین کے لئے مارجن کالز دینے کی پابند نہیں ہے اور کمپنی کی جانب سے صارف سے رابطہ کرنے یا رابطہ کرنے کی کوشش میں کسی ناکامی کے لئے صارف کو جواب دہ نہیں ہے

کمپنی صارف کو پانچ (5) کیلنڈر کے دنوں کی تحریری اطلاع دے کر مارجن کی شرائط کو تبدیل کرنے کا حق رکھتی ہے۔ تاہم نا گہانی معاملات -میں کمپنی پیشگی تحریری اطلاع کے بغیر ہی مارجن کی شرائط تبدیل کرنے کا حق رکھتی ہے .

اتفاقی ذمہ داری سرمایہ کاری لین دین

مارجن کے تحت لین دین کی نوعیت کی وجہ سے، جیسا کہ اوپر وضاحت کی گئی ہے، صارف اُس رقم کا مکمل نقصان برداشت کر سکتا ہے جو پوزیشن کھولنے اورقائم رکھنے کے لئے جمع کرائی گئی تھی۔

کلائنٹ کی جانب سے مارجن کال کو پورا کرنے میں ناکامی یعنی پوزیشن برقرار رکھنے کے لئے اضافی فنڈز ادا نہ کرنے کے نتیجے میں پوزیشن ختم ہو جائے گی، جس کے نتیجے میں نقصان ہو سکتا ہے جس کا ادارک رکھنے کی تمام تر ذمہ داری کلائنٹ پرعائد ہوتی ہے؛

لین دین کو مارجن نہیں کیا گیا ہے لیکن اس کے باوجود معاہدہ داخل کرتے وقت ادا کی جانے والی کسی بھی رقم کے علاوہ مزید ادائیگی کرنے کی ذمہ داری بھی صارف کی ہی ہوگی .

ٹیکس، کمیشن اور دیگر چارجز

صارف کو تجارت شروع کرنے سے پہلے کمیشن اور دیگر ادائیگوں سے آگاہ ہونا چاہئے۔ چارجز کو رقم یا فیصد کے طور پر بیان میں کیا جاسکتا ہے۔ لہٰذا یہ صارف کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کو سمجھے کہ اس طرح کے چارجز کس بنیاد پر لگائے جاتے ہیں

قانون سازی اور اس میں تبدیلیاں، یا کلائنٹ کے ذاتی حالات میں تبدیلی کے نتیجے میں فنانشل انسٹرومنٹص قابل ٹیکس اور دیگر فرائض کے تابع ہو سکتے ہیں

صارف کو اپنے ٹیکس اور/یا دیگر ڈیوٹی ذمہ داری کے بارے میں آزادانہ مشورہ لینا چاہئے، کیونکہ وہ ایسی کسی بھی ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔

عمومی اطلاع

اکاؤنٹ کے لئے درخواست دینے سے پہلے کلائنٹ کو احتیاط سے غور کرنا چاہئے کہ آیا ڈیریایٹویو فنانشل انسٹرومٹس میں تجارت اس کے حالات اور مالی وسائل کی روشنی میں اس کے لئے موزوں ہے۔ آیا ڈیریایٹویو فنانشل انسٹرومٹس کی تجارت میں لیوریج کا استعمال ضروری ہے۔